صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعة المبارک مورخہ 10 جولائی 2020ء بمطابق 18 ذیقعد 1441 ہجری بعد از دوپہر تین بجکر بیس منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب محمود جان، ڈپٹی سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ۔

فَاِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّۃُ الْکُبْرٰی O یَوْمَ یَتَذَکَّرُ الْاِنْسَانُ مَا سَعٰی O وَبُرِّزَتِ الْجَحِیْمُ لِمَنْ یَّرٰی O فَاَمَّا مَنْ طَغٰی O وَاٰثَرَ الْحَیٰوۃَ الدُّنْیَا O فَاِنَّ الْجَحِیْمَ ھِیَ الْمَاْوٰی O وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّہٖ وَ نَھَی النَّفْسَ عَنِ الْھَوٰی O فَاِنَّ الْجَنَّۃَ ھِیَ الْمَاْوٰی۔

(ترجمہ): صَدَقَ اللّٰہُ الْعَظِیم۔ پھر جب وہ ہنگامہ عظیم برپا ہوگا۔ جس روز انسان اپنا سب کیا دھرا یاد کرے گا۔ اور ہر دیکھنے والے کے سامنے دوزخ کھول کر رکھ دی جائے گی۔ تو جس نے سرکشی کی تھی۔ اور دنیا کی زندگی کو ترجیح دی تھی۔ دوزخ ہی اس کا ٹھکانا ہوگی۔ اور جس نے اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونے کا خوف کیا تھا اور نفس کو بری خواہشات سے باز رکھا تھا۔ جنت اس کا ٹھکانا ہوگی۔ صَدَقَ اللّٰہُ الْعَظِیم۔

نشانزدہ سوالات اوران کے جوابات

Mr. Deputy Speaker: 'Questions hour': Question No. 6203, Mr. Salahuddin Sahib.

* 6203 _ Mr. Salahuddin: Will the Minister for Home and Tribal Affairs state that:

(a) Is it true that DSPs can be posted anywhere throughout the entire province and not restricted to one particular district;

(b) How many DSPs upon promotion to the rank, have only served in one particular district;

(c) List of all DSPs serving in district Peshawar may be provided, including details of their promotion date and service, in and out of district Peshawar?

Mr. Mehmood Khan (Chief Minister): (a) Yes.

(b) The following officers on promotion to the rank of DSP remained posted in one particular district.

(i) Mr. Usman Ghani (BS-17), DSP, HQrs, CCP Peshawar.

(ii) Mr. Fazal Dad (BS-17), DSP, CM Secretariat.

(iii) Malik Habib Khan (BS-17), DSP, Legal, CCP Peshawar.

(c) Detailed list attached.

Mr. Salahuddin: Thank you, Mr. Speaker Sir. Sir, I had inquired about some of the DSPs whether they have worked in any other district at all, and I had been given the list, some of them they had been working as DSPs at their posts for more than four or five years time, and there is a criteria for it that it should not be beyond this. In my constituency, in one area or one circle SDPO, five or six of them, since the time I was elected, have been changed or transferred but one person, the particular one he has been there and nobody can have a word. We can't hold anyone accountable for that why is that, then if we have look into that list there is a person I haven't got any thing personal against him, but he is there since 21-04-2015, so since 2015, how many years? Its five years already and even if that would in this period of time three of the Inspector General's, three of the CCPOs and five of the CCPs have been changed, they have been transferred here and there but this particular person have been kept on this post, so we want to know what is the special need, why it is happening, why no one else had that competency to stay or to work on that post. That only-----

(Interruption)

جناب صلاح الدین: جی جی، مونږه وایو چې دلته دا زمونږ ادارې په دې شخصیاتو باندې روانې دی، صرف شخصیات ئې چلولې شی یو Particular، Specific person ئې چلولې شی، دوئ دا نه دی ډیویلپ کړی چې اداره د چلولې شی-----

جناب ڈپٹی سپیکر: سردارر نجیب سنگھ صاحب! آپ موبائل بند کریں، یہ موبائل پہ بات نہ کریں۔

جناب صلاح الدین: نو سر، زمونږه به دا ریکویسټ وی چې دا That if this is sent to the Committee, so that we could go through all of them, one by one, it is said that Standing Committees are Parliament at work نو اوس دا Parliament at work به ترینه نه ښنگه جوړوؤ چې هغوی ته مونږه بزنس ریفر کړو چې هغوی کښې مونږ دا یو یو خبره راواخلو، د خپلې علاقې Representation او چې هغه کوم زمونږ کار دے چې هغه اوکړے شو، نو هغه هله کیدې شی چې مونږه دا ریفر کړو او په دې باندې لږ Detailed discussion ورکښې اوکړو One by one، نو زما به ریکویسټ وی سلطان خان ته هم چې مخالفت اونکړی نن او دا ریفر کړو سلیکټ کمیټئ ته، سټینډنگ کمیټئ ته چې دا مونږ One by one ورکښې ډسکس کړے شو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی خوشدل خان صاحب، خوشدل خان صاحب، پلیز۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: ډیره مننه سپیکر صاحب! ستاسو دا لسټ چې کوم ما ته Provide شوے دے، یو خو دا Incomplete دے ځکه که تاسو دیکښې اوګورئ زمونږه د دې سوال List of DSPs serving in district Peshawar may be provided including detail of their promotion date and service in and out of district Peshawar، پیښور کښې خو تاسو ته بنه پته ده، پیښور خو یو لویه ضلع ده، په هغې کښې خو ډیر ډی ایس پی ګان دی، دیکښې خو Partially یو دوه درې ورکړی دی نو یو دا Incomplete دے، بل دا ده چې د صلاح الدین کوم ریکویسټ دے، هغه Endorse کوم، کنه تاسو بنه 'پراپر' کمیټئ ته واستولو خپلې ته، نو مونږ به هغلته ډسکشن اوکړو او په هغې کښې به اوګورو چې یره څومره Tenure پکار دے؟ لکه دیکښې تاسو اوګورئ بعضې شپږ شپږ میاشتې کړی دی، بعضې پکښې درې درې کاله کړی دی، آیا د هغوی Output څه دے،

آیا هغوی په هغه علاقه کښې څومره پورې مفروران نیولې دی، څومره پورې Anti-social elements هغوی دغه کړی دی، څومره کیسونه دی او څه پراګریس شوې دې؟ نو دا به مهربانی وی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی میر کلام صاحب، میر کلام صاحب۔

جناب میر کلام خان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔ جناب سپیکر! تھینک یو۔ میرا تو اس کوئسچن کے ساتھ یہ کوئسچن ہے کہ پچھلے اڑتالیس گھنٹوں میں شمالی وزیرستان میں دو ذبح شدہ لاشیں ملی ہیں اور دو ٹارگٹ کلنگ کے واقعات ہوئے ہیں تو جناب سپیکر، میں وزیر صاحب کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں، یہ اس بات سے منسلک بات ہے کہ اس کے حوالے سے صوبائی حکومت کیا کر رہی ہے کہ ان علاقوں میں یہ جو کچھ ہو رہا ہے؟ دوسری بات جناب سپیکر، کل جنوبی وزیرستان میں قبائلی لشکر نے تین گھروں کو مسمار کیا ہے، میں یہ بھی پوچھنا چاہتا ہوں کہ-----

جناب ڈپٹی سپیکر: امیر کلام صاحب! آپ اس کوئسچن کے لئے سپلیمنٹری کر سکتے ہیں، آپ کوئسچن کے باہر نہیں جا سکتے۔

جناب میر کلام خان: سپیکر صاحب! اس کے ساتھ ہے، یہ کوئسچن لاء اینڈ آرڈر سیچویشن-----

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں، اس کے ساتھ نہیں ہے ناجی، آپ اس کے ساتھ Related-----

جناب سلطان محمد خان (وزیر قانون): جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: سلطان محمد خان صاحب، سلطان محمد خان صاحب۔

وزیر قانون: تھینک یو سر، میں شکریہ ادا کرتا ہوں آنریبل ممبر ہمارے صلاح الدین صاحب کا اور خوشدل خان صاحب نے بھی ایک سپلیمنٹری میں ایشو اٹھایا ہے اور ہمارے میر کلام صاحب نے بھی، ان تینوں کا میں شکریہ ادا کرتا ہوں، جواب تو سر، کمپلیٹ آگیا ہے کیونکہ کہنا چاہیئے کہ اگر جواب کمپلیٹ ہے تو انہوں نے پوری ڈیٹیلز دی ہوئی ہیں۔ جو آنریبل ممبر بات کر رہے ہیں، وہ کوئی یہ گلہ نہیں کر رہے ہیں کہ جواب انہوں نے کمپلیٹ نہیں دیا ہے، وہ یہ گلہ کر رہے ہیں کہ اگر کوئی بندہ 2015 سے Posted ہے اسی ضلع کے اندر As a DSP، تو اس کے بارے میں وہ پوچھنا چاہ رہے ہیں کہ کیوں اتنے، تو ایک تو سر، Basic میرے خیال میں اگر ایسا ایک آفیسر ہو کہ وہ اچھا کام کر رہا ہے اور کبھی کبھار ایسا آفیسر بھی ہوتا ہے، خاص کر یہ جو ہماری پولیس کا ڈیپارٹمنٹ ہوتا ہے، یہ بڑا Sensitive بھی ہوتا ہے کہ ادھر اگر غلط بندہ لگ جائے تو پورا کام وہاں پہ خراب ہو جاتا ہے، تو ایک دو آفیسرز کو تو میں Personally جانتا ہوں جس

میں یہاں پر ان کا ذکر ہے تو وہ تو بہت زیادہ اچھے طریقے سے اس پوسٹ کو چلا رہے ہیں جہاں پہ وہ بیٹھے ہوئے ہیں اور وہ سسٹم کے اندر چونکہ اگر کوئی ایسا آفیسر آ جائے پھر اس سے پرابلمز پیدا ہوں گے، تو بہر حال میرے کہنے کا مقصد سر، یہ ہے کہ یہ ڈیپارٹمنٹ کی صوابدید ہوتی ہے کہ انہوں نے اگر کوئی غلطی کی ہے، وہ یہاں پر نشاندہی ہو جائے تو تب تو میرے خیال میں کوئی بنتا ہے لیکن اگر کوئی غلطی کی نشاندہی نہیں ہے، صرف اس وجہ سے کہ آپ نے اتنے ٹائم کے لئے کیوں لگا دیئے؟ میں ویسے ہی ہاؤس کے سامنے بات کرنا چاہ رہا ہوں۔ دوسری بات، مجھے ابھی پتہ چلا ہے کہ اس میں ایک آفیسر جو وہ بیان کر رہے ہیں کہ وہ 2015 سے بیٹھے ہوئے ہیں تو وہ کل میرے خیال میں ریٹائر ہو گئے ہیں، کل یا پرسوں تو وہ تو چلے بھی گئے ہیں باقی اگر کچھ لوگ ہیں لیکن یہاں پر جتنی بھی بات ہوئی ہے تو ان میں کسی بھی آفیسر کے اوپر کوئی Specific الزام یا کوئی Specific ان سے کوئی غلطی یا کوئی Mishap ہوئی ہو، وہ میں نے نہیں سنی ہے، تو میں ریکویسٹ کروں گا کہ اگر کوئی Specific غلطی ہے، وہ لے آئیں، اس کو ضرور ہم Address کر دیں گے اور میرے خیال میں ویسے ہی کمیٹی کو بھیجنے میں مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن ہم کس لئے کمیٹی کو بھیجیں؟ مطلب اس میں کیا آپ جاننا چاہتے ہیں؟ وہ اگر بتا دیں تو ہم آپ کو انفارمیشن دے دیں گے، اگر انفارمیشن نہیں ملے گی، آپ مطمئن نہیں ہوں گے تب میں، خوشدل خان صاحب میرے لئے بہت قابل احترام ہیں، صلاح الدین صاحب قابل احترام ہیں، میر کلام، سارے ممبرز قابل احترام ہیں، اگر وہ Insist کریں گے تو ہم کمیٹی کو بھی بھیج دیں گے لیکن کمیٹی میں کوئی مقصد کی بات ہونی چاہیئے، کسی ایشو کو Highlight کر کے اور اس کو دیکھنا چاہیئے، میرے خیال میں ویسے کمیٹی کو بس بھیج دیں گے، میں ریکویسٹ کروں گا جی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> جناب صلاح الدین صاحب۔

<u>جناب صلاح الدین:</u> Thank you Sir, why I wanted this، (قطع کلامی) بنه بابک صاحب به خبره او کړی۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> صلاح الدین صاحب۔

<u>جناب صلاح الدین:</u> بابک صاحب خبره کوی نو که بیا د دوئ نه پس زه او کړم نو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نه بابک صاحب خو به بله موقع زه ورکړم، په دې باندې که ته خپله خبره کوې مخکښې د دوئ نه هغه اووایه نو، بیا ته خپله خبره اوکړه، بیا بابک صاحب له۔۔۔۔

جناب صلاح الدین: بنه ټهیک ده۔۔۔۔۔

جناب سردار حسین: جناب سپیکر! زه په دې باندې یو خبره کول غواړمه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جی، بابک صاحب۔

جناب سردار حسین: جناب سپیکر! څنګه چې مؤور کوئسچن راوړے دے او لاء منسټر صاحب تپوس کوی چې مونږ ته Reason اوښایئ، Complaint اوښایئ، نو د هغوی نه د چا سره ذاتی تعلق شته، نه ئې د چا سره ذاتی اختلاف شته خو د حکومت دا پالیسی ډیره زیاته عجیبه ده، د پوسټنګز او د ټرانسفرز پالیسی دلته موجوده ده چې د درې کالو نه یو افسر څنګه په یو پوسټ پاتې کیږی؟ اوس د 2014 نه هغه چې د یو ډی ایس پی خبره کوی چې هغه د 2015 نه ناست دے، نو آیا په د غه Specific case کښې د پوسټنګز او د ټرانسفرز پالیسی چې ده، دا نه Apply کیږی خو بل اړخ ته که مونږه اوګورو نو د کله نه چې دا دوه کاله اوشو، تیر پینځه کاله هم دا حال وو، سیکرټری چې دے دا د 21/20 ګریډ آفسر وی، پینځه میاشتې هغه په یو ډیپارټمنټ کښې نه پریږدی، ډی پی اوز درې میاشتې په یو ځائې کښې نه پریږدی جناب سپیکر۔ سپیکر صاحب، ګورننس دلته داسې نه کیږی، دا چې که د حکومت سره اختیار وی خو دا هره هفته کښې Reshuffling کول، هاں مثال چې یو سیکرټری یا یو ډی پی او یا ډی ایس پی یا چې هر سرکاری افسر شو، پکار دا ده حکومت سره اختیار شته چې د هغه ټرانسفر اوکړی خو دا په دې روزانه بنیاد باندې او هفته وار باندې دا دومره Reshuffling چې کیږی، مونږ دا ګنړو چې دا د دې صوبې د ګورننس د پاره، د دې د ګورننس په مفادو کښې نه ده، یو مونږ صرف دا لاء منسټر صاحب ته وایو چې پوائنټ آؤټ شوے دے چې د درې کالو نه سیوا یو افسر بیا تاسو ولې کښینوئ، خبره صرف په هغې باندې ده، نه ورسره د چا ذاتی اختلاف شته خو صرف د پوسټنګز او د ټرانسفرز پالیسئ خبره ده او زمونږه امید دے ان شاء الله چې تاسو به په هغې باندې۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: صلاح الدین صاحب۔

Mr. Salahuddin: Thank you, Sir. As I mentioned right at the start, when I was raising this question that I haven't got anything personal against anybody, I had made it very clear even at outset, I still haven't got anything personal against anybody but it's just four of them, out of how many, quite a few of them, all these be treated, but just few, the blue-eyed people, so, what I am insisting upon that, why these such blue-eyed people, this would raise question mark on the performance of the government.

یہ Blue-eyed لوگ ہمیں تو ان پہ، کہ ان میں کیا سرخاب کے پر لگے ہوئے ہیں، جس طرح کے سلطان خان صاحب کہہ رہے تھے کہ بعض لوگ ایک خاص کام کر سکتے ہیں، ایک خاص تھانے پہ، ایک خاص سرکل میں وہ رہ سکتے ہیں، وہ اسی کو چلا سکتے ہیں، کیا ہماری پولیس ڈیپارٹمنٹ ابھی تک اتنی قربانیوں کے باوجود بھی اس پر نہیں پہنچی، اس نہج پہ نہیں پہنچی کہ کوئی اور اس کی جگہ لے سکے؟ یا پھر یہ جو ٹرانسفرز ابھی 2019 اور 2020 تک ہوتی رہی ہیں متواتر، پھر وہ اتنے نالائق تھے، ان میں کوئی لائق بندہ نہیں تھا کہ وہ چھ مہینے تک بھی نہیں ٹھہر سکتے؟ لیکن چند Blue-eyed people، چند سرخاب کے پر والے وہاں پہ Posted رہیں گے، اس لئے کہ ان کے علاوہ کوئی ڈیپارٹمنٹ کو، اس ایریا کو چلا نہیں سکتا؟ یہ مسٹر سپیکر! سمجھ سے بالاتر ہے۔ میری ریکویسٹ پھر بھی ہوگی، میں ریکویسٹ کرتا ہوں لاء منسٹر صاحب سے کہ اس کو کمیٹی میں بھیجیں تاکہ ہم بھی اس کو Scrutinize کر سکیں کہ کیا اب پرفارمنس، اب ہمارا کام لیجسلیشن کے سوا سکروٹنی بھی ہے، Parliamentary oversight بھی ہے لیکن Parliamentary oversight میں کس طرح کروں گا؟ اسی طرح کے کوسچن کے ذریعے، اسی طرح ان کے ساتھ ڈسکشن کرکے، تو ہمیں بھی پتہ چلے کہ وہ کونسے عوامل ہیں جنہوں نے ایک Particular بندے کو ایک خاص پوسٹ پہ رکھا ہوا ہے، تو میری ریکویسٹ ہوگی I would honour to request, kindly refer it to the Standing Committee.

جناب ڈپٹی سپیکر: سلطان خان!

وزیر قانون: سر! میرے خیال میں بہت وقت ہوگیا، کوئی سوال ہم نے کمیٹی کو نہیں بھیجا ہے تو اگر وہ اتنے Insist کر رہے ہیں اور خوشدل خان صاحب بھی Insist کر رہے ہیں تو اس کو ہم کمیٹی میں بھیج دیتے ہیں سر، ٹھیک ہے چلو، صحیح ہے۔

Mr. Deputy Speaker: Is it the desire of the House that Question No. 6203, asked by the honorable Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. It is referred to the concerned Committee.

ایک رکن: سر! لیکن کمیٹیاں تو ابھی تک بنی نہیں ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Concerned Committee، Concerned Committee بن جائے گی جی، Concerned Committee بن جائے گی۔ (مداخلت) اس سے پہلے بھی یہاں پہ اسمبلی میں کمیٹی کو ریفر ہو گئے اور اس کے بعد کمیٹیاں بن جاتی ہیں۔ میرے خیال سے آپ ایک Senior Politician ہیں اور آپ کو اتنا پتہ نہیں ہے کہ بزنس کمیٹی کو ریفر ہوتا ہے، پھر کمیٹی بن جاتی ہے۔ کوئسچن نمبر 6213، صاحبزادہ ثناء اللہ صاحب، صاحبزادہ ثناء اللہ صاحب، Lapsed, lapsed۔

غیر نشاندار سوال اور اس کا جواب

6213 _ صاحبزادہ ثناء اللہ: کیا وزیر داخلہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع اپر دیر میں سال 20-2019 میں سپیشل فورس میں مختلف اضلاع سے اہلکار بھرتی کئے گئے ہیں جس سے ضلع اپر دیر کے عوام کی حق تلفی ہوئی ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ سپیشل فورس کی بھرتی ہوئی ہے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ سوات، چترال اور چارسدہ سے جن جن افراد کی ضلع دیر اپر میں بھرتیاں ہوئی ہیں اور ان کو اب ریگولر پولیس کا درجہ دیا گیا ہے، کیا یہ میرٹ پر ہوئی ہیں، بھرتی شدہ افراد کے نام، ولدیت، شناختی کارڈ، آرڈر کا پیاں فراہم کی جائیں، نیز جس اخبار میں اشتہار دیئے گئے ہیں، ان کی بھی کاپی فراہم کی جائے؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو ضلع اپر دیر میں اہل بندے نہیں تھے کہ مختلف اضلاع سے امیدواروں کو بھرتی کیا گیا ہے، نیز حکومت اس میں ملوث اہلکاروں کو قرار واقعی سزا دینے کا ارادہ رکھتی ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمود خان (وزیر اعلیٰ): (الف) (ب) (ج) و (د) بحوالہ مذکورہ سوال معروض خدمت ہوں کہ مذکورہ سوال کا جواب ہمراہ لف ہے۔ (تفصیل ایوان کو مہیا کی گئی)

اراکین کی رخصت

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: 'Leave applications': چھٹی کی درخواستیں کچھ آئی ہیں۔ جناب محمد عاطف خان صاحب، ایم پی اے 10 جولائی تا اختتام اجلاس، مسماۃ شاہدہ وحید صاحبہ، 10 جولائی، ظہور شاکر صاحب، 10 جولائی، انور زیب صاحب، 10 جولائی، ظفر اعظم صاحب، 10 جولائی، عنایت اللہ خان صاحب، 10 جولائی، قلندر لودھی صاحب، 10 جولائی، مفتی عبید الرحمان صاحب، 10 جولائی، محمود احمد خان صاحب، 10 جولائی، حاجی انور حیات خان صاحب، 10 جولائی، نذیر احمد عباسی، 10 جولائی، سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب! آپ کے چھٹی کی یہ درخواست آپ نے بھیجی ہے۔ عاطف خان صاحب، 10 جولائی، فضل حکیم صاحب، 10 جولائی، محمد اعظم خان صاحب، 10 جولائی۔ Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: The leave is granted.

(Interruption)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: آپ کو سنائی نہیں دیا، میرے خیال سے آپ باتیں کر رہے تھے۔ جی نصیر محمد خان صاحب، جی نصیر خان صاحب، نصیر خان صاحب، نصیر صاحب کا مائیک آن کریں۔ نصیر صاحب کا مائیک آن کریں۔

<u>جناب نصیر اللہ خان</u>: السلام علیکم، ډیره مننه جی۔ سر، ما تحریک استحقاق پیش کړے وو او دا هغه بله ورځ راغلے هم وو په دې ایجنډا باندې خو د سی ایم صاحب سره لږ غوندې په یو میټنګ کښې سره اونیولې شوم، ما وئیل چې که زما دا استحقاق بیا تا سو لږ را مخکښې کړئ چې مونږ په دې خبره اوکړو۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: Allowed جی، ټهیک شوه جی۔

<u>جناب نصیر محمد خان</u>: سټارټ کړم؟

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جیAllowed۔

مسئلہ استحقاق

<u>جناب نصیر محمد خان</u>: جناب سپیکر! میں ایمرجنسی میں پشاور سے ڈیرہ اسماعیل خان مورخہ 4 جولائی 2020 تقریباً رات دو بجکر پندرہ منٹ پہ اپنے گاؤں جارہا تھا، علاقہ بڈھ بیر میں ہماری گاڑی سے ایک بلیک

ٹویوٹا فیلڈر نمبر EX-014 کالی شیشوں والی غیر سرکاری گاڑی ہم سے بہت تیزی سے آگے نکل گئی، تھوڑا آگے جاکر انہوں نے روڈ بلاک کیا تھا۔ ہم یہ سمجھ رہے تھے کہ یہ کوئی ٹارگٹ کلر ہے، میرے گارڈز بھی الرٹ ہوئے۔ اس دوران مسمی محمد نواز اے ایس آئی بھارتی فلموں کی ایکٹر کی طرح اترا جو کہ اسی وقت شرٹ پہن رکھی تھی جس نے وردی بھی پوری نہیں پہنی ہوئی تھی، ہمارے پاس آکر بڑی بدتمیزی سے پیش آیا۔ جب میں نے اپنا تعارف کرایا تو تھوڑی سی نرمی آگئی۔ اسی دوران مسمی بلال ایس ایچ او بڈھ بیر گاڑی سے اترے، ہماری طرف آئے، اس کے ساتھ نفری بھی تھی لیکن جو بدتمیزی انہوں نے کی، وہ بہت ہی ناقابل برداشت تھی۔ ہم مطلب، قبائلی اور سات قبائلی ایم پی ایز اگر اس طریقے سے Treat ہوں گے تو بہت ہی افسوس ہوگا پولیس کا، لہذا مذکورہ پولیس کی اس حرکت کو بدتمیزی اور بدتمیزی سے نہ صرف میری بلکہ پورے ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے، لہذا اس تحریک کو استحقاق کمیٹی کے حوالے کیا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: لاء منسٹر سلطان محمد خان صاحب۔

جناب منور خان: جناب سپیکر صاحب! ہم بھی اس پر بات کرنا چاہتے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک منٹ میں بات کریں کچھ، جی منور خان صاحب، منور خان صاحب۔

جناب منور خان: تھینک یو، مسٹر سپیکر۔ یہ یقیناً بڑے افسوس کی بات ہے کہ ایک ایڈوائزر کے ساتھ پولیس کا اس قسم کا Behavior ہے، تو میں سمجھتا ہوں کہ عام ایم پی اے کے ساتھ ان کا کیسا، تو میرے خیال میں میں لاء منسٹر سے یہ ریکویسٹ کروں گا کہ یہ تو اپنی جگہ پہ استحقاق کمیٹی کو، پتہ نہیں کہ کمیٹیاں کب بنیں گی یا نہیں؟ لیکن میں یہ ضرور اس پہ وہ کروں گا کہ جو بھی ایس ایچ او ہے یا جو بھی ہے، اس کو فوراً یہاں پہ بلا کے اور اس کو Suspend کرلیں۔ تھینک یو جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: لاء منسٹر صاحب!

وزیر قانون: تھینک یو جناب سپیکر۔ سر، یہ ایک آدھ بات اس طرح کی آجاتی ہے اسمبلی میں جو کہ بڑی ایسی بدصورت سی بات ہوتی ہے میرے خیال میں اور کیونکہ آنریبل ممبر ہیں وہ اور اس طرح کا اگر ان کے ساتھ Behavior ہوا ہے تو میں تو کبھی کبھار یہاں پر سر، ہمیشہ گورنمنٹ منسٹرز جب بھی اٹھتے ہیں تو پولیس کو ہم Defend کرتے ہیں، اس کی وجہ یہ ہے کہ قربانیاں بھی ہیں، دہشتگردی کے خلاف جو جنگ تھی، اس میں انہوں نے بغیر کسی ٹریننگ کے، بغیر کسی اوزار کے، بغیر کسی اطلاع کے ایک ان کے اوپر

آئے، دہشتگردی کا ایک دور آیا، انہوں نے بڑا مقابلہ کیا لیکن وہ ساری ڈیفنس ہماری ایک ایسے واقعے کی وجہ سے وہ ساری ڈیفنس خراب، بلکہ میں کہتا ہوں پولیس فورس جو محنت کرتی ہے، ابھی کل آپ کو پتہ ہے سر، ہمارے ڈی ایس پی صاحب علامہ اقبال صوابی میں شہید ہو گئے، ہمارے چارسدہ میں رہے بھی ہیں اور ان کا تعلق بھی چارسدہ سے ہے، بہت اچھے آفیسر، بہت نفیس اور بہت زیادہ، بات کرنے میں بڑے تمیز کے ساتھ، بڑا اچھا وقت انہوں نے ہمارے ساتھ گزارا تھا، تو یہ قربانیاں ہوتی ہیں لیکن کبھی کبھار پھر ایک ایسا واقعہ ہو جاتا ہے کہ وہ پولیس کے لئے بھی Embarrassment بن جاتی ہے اور حکومت کے لئے بھی، تو میرے خیال میں جی یہ کچھ لوگ ایسے ہوں گے، ہر ادارے میں ہوتے ہیں، پولیس میں بھی ہوں گے جو اس طرح کی حرکت کر لیتے ہیں اور پولیس کے جو اچھے کام ہیں، جو انہوں نے قربانیاں دی ہیں، جو انہوں نے ریفارمز لائے ہیں، ان ساری چیزوں کے اوپر ایک کوئسچن مارک آ جاتا ہے لیکن میں یہ بھی ریکویسٹ کروں گا کہ ہمیں ادارے کو الگ رکھنا چاہیئے، پولیس کا ادارہ ہمارا اپنا ادارہ ہے، وہ ہمارے صوبے کی Protection اور Policing کے لئے ہے، ہم نے ان کے مورال کو بالکل Affect نہیں ہونے دینا لیکن اس طرح کے واقعات جب ہوں گے تو ہم نے ان کے پیچھے، Individual واقعات کے پیچھے ہم نے جانا ہے، ان کو دیکھنا ہے۔ تو سر، جہاں تک، میں تو بڑا کلیئر ہوں، میرے Cabinet colleagues بیٹھے ہیں، اگر وہ بھی سمجھتے ہیں لیکن میں تو بڑا کلیئر ہوں کہ جہاں پر اس اگسٹ ہاؤس کے ایک ممبر کے پریویلج کی بات آتی ہے اور جب ایک آنریبل ممبر بات کرتا ہے پریویلج کی، تو میں تو بغیر کسی ثبوت کے کیونکہ ممبر کی بات سب سے زیادہ وزن رکھنے والی بات ہے، (تالیاں) تو میں تو بغیر کسی ثبوت کے یہ کہنے کے لئے تیار ہوں کہ ہمارے آنریبل ممبر جو کہہ رہے ہیں وہ بالکل ٹھیک کہہ رہے ہیں، بہر حال سر، میں یہ ریکویسٹ بھی بار بار ادھر سے وہ، ہم نے ایک سوال کمیٹی کو بھیج دیا تو ادھر سے ایک وہ آیا کہ کمیٹیز نہیں ہیں تو ان شاء اللہ ہم اور یہ اپوزیشن کے جو پارلیمنٹری لیڈرز ہیں، مولانا صاحب بیٹھے ہیں، ہم ان شاء اللہ کوشش کریں گے کیونکہ اگر پروسیجر کے اوپر جائیں گے پھر تو الیکشن کا پروسیجر ہوتا ہے، ساری کمیٹیز پھر Obviously حکومت کی پھر بنیں گی لیکن ہم نے یہ فیصلہ کر لیا تاکہ ہم نے افہام و تفہیم کے ساتھ جس طرح روایات ہیں اس ہاؤس کی، تو ہم کوشش کریں گے کہ اگلے ہفتے تک یہ سارا پراسیس کمپلیٹ کر کے ہم ہاؤس کے سامنے متفقہ کمیٹیوں کی جو تشکیل ہے از سر نو، وہ ہم کمپلیٹ کر لیں لیکن جو پریویلج موشن ہے سر، بالکل میں اس کو Fully support، گورنمنٹ اس کو Fully support کرتی ہے، اس کو آپ

پریویلج کمیٹی میں بھیجیں اور وہاں پہ اس متعلقہ آفیسر کو یا اہلکار کو ہم بلائیں گے، ان سے ہم پوچھیں گے کہ بھئی یہ آپ کیا کام کر رہے ہیں؟ ہم تو آپ سے کہہ رہے ہیں اور آپ کے آئی جی اور آپ کے Superior officers آپ سے کہہ رہے ہیں کہ ایک عام شہری کو بھی آپ نے عزت دینی ہے تو پھر یہ تو ہمارے آنریبل ممبر ہیں تو آپ یہ کس طرح کے کام کر رہے ہیں؟ ان کو ادھر آنے دیں، پھر ہم ان سے پوچھیں گے ادھر کمیٹی کے اندر جی۔

(تالیاں)

<u>جناب منور خان</u>: جناب سپیکر! ان کو Suspend کرنا چاہیئے فوراً، وہ کہہ رہے ہیں، یہ سارے آپ کو کہہ رہے ہیں، آن دی فلور آپ کو کہہ رہے ہیں اور ممبر بھی آپ لوگوں کا مطلب ممبر ہے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: سلطان خان، سلطان خان!

<u>وزیر قانون</u>: سر، چونکہ انکوائری کا حق بھی حاصل ہوتا ہے، Suspension، میں یہ کر سکتا ہوں کہ جو ہمارا قانون ہے، میرا دل جو چاہتا ہے، وہ ہو سکتا ہے قانون کے اندر موجود نہ ہو، میں آپ سے سچی بات کر رہا ہوں لیکن جو قانون کے اندر ہے تو میں آئی جی تو یہاں پہ جو انسپکٹر جنرل آف پولیس ہے، ان کو یہ کہہ رہا ہوں فلور آف دی ہاؤس سے اور یہ پولیس کے نمائندے بیٹھے ہوئے ہیں، یہ Communicate کریں اور میں ان سے سیشن، مجھے ٹائم ملے گا تو میں ٹیلیفون پہ بھی ان سے کہوں گا کہ دیکھ لیں، اگر وہ پوچھ لیں اور اس کو مثلاً Close کر دیں یا Even اگر ان کو تھوڑا سا موقع دیں Personal hearing کی، Suspension کی بھی بات ہوئی، میں یہ نہیں کہہ رہا ہوں کہ وہ Suspend نہ ہو، Suspend بھی کریں، آئی جی سے میں، ادھر سے ہی I am instructing the Police Department اور آئی جی سے میں کہہ رہا ہوں یہاں سے کہ آپ اس معاملے کو فوراً دیکھ لیں اور اگر وہ مطمئن ہوں گے تو پریویلج کمیٹی سے پہلے وہ پھر ایکشن لیں ورنہ پریویلج کمیٹی میں ہم اس کو ضرور دیکھیں گے جی۔

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: Is it the desire of the House that the privilege motion No. 68, moved by the honorable Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who against it may say ‘No.’

(The motion was carried)

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: The ‘Ayes’ have it. The privilege motion is referred to the concerned Committee.

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: جناب سپیکر صاحب، میں ایک بات کرنا چاہتی ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی میڈم!

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: تھینک یو جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، میں یہ ماسک نیچے اس لئے کر رہی ہوں کہ Suffocation سی ہے اور دوسری بات یہ ہے کہ یہاں پہ چونکہ یہ اے سی ہمارے لئے سب سے خطرناک ہے، یہ ایک دوسرے کو کورونا کا وائرس لگانے کا باعث ہے جس کی وجہ سے فلائٹس بھی مطلب جو بند ہوئی ہیں کیونکہ یہی اے سی جب یہ مطلب Circulate کرتا ہے تو اس سے اگر کوئی بھی Positive بندہ اگر ہال میں بیٹھا ہوتا ہے تو اس کی آواز سے یا اس کی سانسوں سے یہ Circulate ہو کے پھر ایک بندے پہ، مطلب ایک بندے کو لگتا ہے، تو مہربانی کریں میں اپنے آنریبل چیف منسٹر کا، جو ہاؤس کا، جو ہمارا اپوزیشن لیڈر ہے، انہوں نے بات کی تھی اس بات پہ کہ ریگولر ہونا چاہیئے یہ، لیکن جناب سپیکر صاحب، اس میں کچھ وقفہ ہونا چاہیئے تاکہ کسی بندے کو اگر ہو تو اس کو Symptoms ظاہر ہو جائیں، مطلب ہم لوگ یہاں پہ آپ کا سٹاف بھی Risk پہ ہیں، ہم بھی Risk پہ ہے اور چونکہ اے سی ہے تو یہ اس کا واحد طریقہ ہے کہ جو کسی کو لگ سکتا ہے۔ میں اب آتی ہوں اپنی اصل بات کی طرف، یہ تو میں نے آپ کو ایک بات کی ہے۔ جناب سپیکر صاحب، ہماری گورنمنٹ جو کہ ہم یہ کہتے ہیں کہ ہماری گورنمنٹ ہے Although کہ وہ ہمیں اپنی گورنمنٹ کا ایک حصہ یا اپوزیشن کا حصہ نہیں سمجھتے لیکن میں سمجھتی ہوں کہ کے پی کے گورنمنٹ نے Ventilators کروڑوں کی تعداد میں خرید لئے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، ان Ventilators کا مطلب تب مثبت نتائج آتے جب یہاں پہ یعنی Anti secure جو ہے، Anti secure اس کو کہتے ہیں کہ جو کرونا، یہ چونکہ Ventilators کو صحیح طور پہ اس کے پریشر کو چیک کر کے وہ اس کو چلا سکتے ہیں اور جب ہمارے پاس پورے کے پی میں صرف دو Anti secure تھے جس میں ایک نے ستمبر میں چھوڑی، کیونکہ یہ بہت Important لوگ ہوتے ہیں، یہ میں ڈاکٹرز کی بات بھی نہیں کر رہی ہوں، میں ٹیکنیشنز کی بات بھی نہیں کرتی ہوں لیکن یہ لوگ اور Anesthesia والے لوگ جو ہیں، ان پہ زندگی کا دارومدار ہوتا ہے تو ان میں Anti secure ہمارے پاس دو تھے، ایک لیڈی تھی، ایک مرد تھا، مرد نے پہلے جاب چھوڑ دی اور پھر جب یہ کرونا آیا تو لیڈی نے جاب چھوڑ دی کیونکہ اس کو یہاں سے سیلری صحیح نہیں مل رہی تھی۔ جناب سپیکر صاحب، اس کے علاوہ ہمارے پاس کے پی میں Anti secure ٹریننگ کا ادارہ کوئی بھی نہیں ہے، میں اس پہ قرارداد لانا چاہ رہی تھی لیکن میں نے کہا کہ چونکہ میں یہ بات کر لوں تاکہ حکومتی اور میرے جو دوسرے ہمارے اپوزیشن بنچز کے لوگ

ہیں، اگر وہ اس پہ Agree کرتے ہیں تو پھر ہم قرار داد لے آتے ہیں کہ ہمیں دوسرے صوبوں سے کیونکہ یہ جو کرونا کے لوگ ہوتے ہیں، ان کے پھیپھڑے کھلے ہوتے ہیں لیکن ان کو صحیح مقدار میں آکسیجن کی ضرورت ہوتی ہے کیونکہ Ventilator پر جو بھی گیا ہے تو اس کو چونکہ اس کا طریقہ نہیں آتا جس کی وجہ سے آپ نے دیکھا ہوگا کہ گھر میں جو لوگ Secure ہوئے ہیں، اس سے زیادہ اموات ہاسپیٹلز میں ہوئی ہیں۔ جو Ventilator گیا ہے، وہ واپس کبھی نہیں آیا اور نہ خدا کسی کو لے کر جائے لیکن میں سمجھتی ہوں کہ یا تو آپ دوسرے، سندھ میں آپ کے پاس ہے، پنجاب میں آپ کے پاس ہے، آپ وہاں سے کچھ لوگ Borrow کریں اپنے لوگوں کو کیونکہ اس میں چھ سال اس کی ٹریننگ میں لگتے ہیں تو چھ سال ہم انتظار نہیں کر سکتے، اپنے لوگوں کی صحت کا اور ان کی اموات کا اور ان کی زندگی کا، تو وہاں سے کچھ لوگوں کو زیادہ Payment کر کے یہاں پر Borrow کریں تاکہ وہ اپنے لوگوں کو ٹریننگ بھی یہاں پر دے سکیں اور اس کا ادارہ بھی بنایا جائے۔ تو مجھے قرار داد لانے کی اگر اجازت دیں تو میں وہاں سے اور یہاں سے کچھ لوگوں کو لے کر دوسری Sitting میں اس قرار داد کو لے آئیں گے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: اس طرح کریں میڈم! کہ آپ اور سلطان خان اور تمام باقی پارلیمانی لیڈرز جو ہمارے ہیں، ان کے ساتھ ایک مشترکہ قرار داد لے آئیں، پھر اس کو ڈسکس کر لیں گے۔ دوسری آپ نے ماسک اور اس کی بات کی، تو باقاعدہ ہمارے اس ہال میں ہمارے ریسکیو 1122 والے باقاعدہ سپرے کرتے ہیں اور ہر ٹیبل پر 'گلوز' اور ماسک پڑے ہوئے ہیں تو تمام آنریبل ممبرز سے میری یہ ریکویسٹ ہے کہ یہ 'ماسکس' آپ پہنا کریں، یہ 'ماسکس' آپ کی صحت کے لئے ہیں، یہ شو شا کے لئے ہم نے یہاں پر نہیں رکھے ہوئے، آپ اگر SOPs follow نہیں کریں گے تو لوگ آپ کو دیکھتے ہیں، آپ پہنیں گے تو لوگ بھی پہنیں گے، اگر آپ نہیں پہنیں گے تو لوگ کہیں گے کہ کچھ بھی نہیں ہے۔ تو میری تمام ممبران سے یہ ریکویسٹ ہے کہ آپ خود SOPs follow کریں گے تو باقی لوگ بھی آپ کو Follow کریں گے۔ تھینک یو ویری مچ، جی۔ بابک صاحب، اوس ستا سو دغہ دے جی۔

توجہ دلاؤ نوٹس ہا

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: Item No. 7, 'Call Attention Notices': Mr. Sardar Hussain Babak, to please move his call attention notice No. 1097.

جناب سردار حسین: شکریہ جناب سپیکر، آپ ایجنڈے پہ ہے لیکن آج بزنس نہیں ہے، میں بڑے ضروری پوائنٹ پر اس کے بعد بات کرنا چاہتا ہوں، اگر آپ مجھے اجازت دیں اس کے بعد۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ کرلیں جی، ایجنڈا ختم کریں، پھر آپ کو میں موقع دیتا ہوں۔

جناب سردار حسین: اوکے، شکریہ جناب سپیکر، میں وزیر برائے محکمہ مواصلات وتعمیرات کی توجہ اس اہم مسئلے کی طرف مبذول کروانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ صوابی بونیر روڈ موضع محصول کوٹے میں مین شاہراہ پر نکاسی آب کا انتظام نہ ہونے کی وجہ سے علاقہ مکینوں کو سخت مشکل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ بین الاضلاع پر ہر وقت پانی کا تالاب کھڑا رہتا ہے، انتظامیہ اور محکمہ مواصلات وتعمیرات کی نااہلی، ناکامی اور غفلت نے مسئلے کو گھمبیر بنا دیا ہے۔ علاقے میں مضر جراثیم اور بیماریاں پھیل رہی ہیں، پیدل آنے جانے والوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، محصول کوٹے کے مکین انتہائی مشکل کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں، پرائمری سکول کی موجودگی اور سکول کی پیوست دیوار کے ساتھ سالوں سال گندا پانی کھڑا رہتا ہے جس سے بے شمار بیماریاں پھیل جاتی ہیں، لہذا حکومت محصول کوٹے روڈ پر کھڑا پانی اور نکاسی آب کا انتظام فوری طور پر ٹھیک کرنے کی ہدایات جاری کرے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ موبائیل جس کا بھی ہے، بند کردیں موبائیل جس آنریبل ممبر کا بھی موبائیل ہے، موبائیل بند کردیں ورنہ میں لے لوں گا آپ سے۔

جناب سردار حسین: یہ مین شاہراہ ہے، صوابی بونیر پھر تورغر شانگلہ، رائٹ سائڈ پر ہری پور اور سر، لفٹ سائڈ پر سوات جناب سپیکر، اور یہ مین شاہراہ ہے، بین الاضلاع شاہراہ ہے، میرے خیال میں اکبر خان جواب دیں گے تو مجھے امید ہے ان شاء اللہ کہ جس مسئلے کی نشاندہی میں نے کی ہے، مجھے امید ہے ان شاء اللہ کہ وہ سیریس لیں گے۔

Mr. Deputy Speaker: Concerned Minister, to respond.

جناب اکبر ایوب خان (وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم): جی شکریہ! جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، آنریبل بابک صاحب نے جو مسئلہ اٹھایا ہے، بالکل اس سے نظر آتا ہے کہ وہاں سیریس سیچویشن ہے، آبادی بھی ہے، چھوٹے بچے ہیں، سکول ہے، میں آج ہی سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو کو ان شاء اللہ، I call him and tell him کہ ایک دو دن کے اندر اس کا Estimate بنائیں اور Annual maintenance کے Ambit میں ان شاء اللہ آتا ہو تو ہم دستی ان شاء اللہ Within a week, ten days آپ کے اس مسئلے کو ان شاء اللہ حل کرا سکیں گے، ٹھیک جی۔ تھینک یو، شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بابک صاحب! مطمئن یئ جی ، مطمئن یئ۔

جناب سردار حسین: جی سپیکر صاحب۔

جناب ڈپٹی سپیکر: توجہ دلاؤنوٹس نمبر 1127، جناب ملک بادشاہ صالح صاحب!

ملک بادشاہ صالح: تھینک یو مسٹر سپیکر صاحب، میں وزیر برائے محکمہ ماحولیات کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کروانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ اپر دیر کوہستان PK-10 میں کروڑوں فٹ لکڑی گر کر پڑی ہے جو کہ ضائع ہو رہی ہے اور جس سے مختلف بیماریاں جنگل میں پھیل رہی ہیں اور بڑے بڑے جنگلات مثلاً لاموتئ، باڈگوئی میں مرض تیزی سے پھیل رہا ہے، اگر حکومت نے بروقت کوئی قدم نہ اٹھایا تو یہ جنگلات مستقبل میں تباہی کا شکار ہو جائیں گے جبکہ مذکورہ لکڑی کے متعلق معلومات محکمہ ماحولیات کے علم میں ہیں۔

جناب سپیکر صاحب، میں آپ کی توجہ اس طرف مبذول، اور آنریبل جو ذمہ داران ہیں، ان کی توجہ مبذول کروانا چاہتا ہوں کہ 1991 میں جب معین قریشی پاکستان کے وزیراعظم بنے، پتہ نہیں آج کل وہ زندہ ہے یا مر چکا ہے لیکن اس نے جنگلات پر غیر قانونی پابندی لگائی اور اس کے تقریباً تیس سال ہو گئے ہیں کہ ایک نسل گزر گئی ہے اس کے درمیان میں، اب سروے ہو چکا ہے کہ اس سے مختلف بیماریاں پھیل رہی ہیں، جو زمین پر پڑی ہے، جو گل سڑ رہی ہے، جو ضائع ہو رہی ہے، اس سے بیماریاں جنگل میں پھیل رہی ہیں اور خود محکمہ کے علم میں یہ بات بھی ہے کہ یہ جو بیمار درخت پڑے ہیں، اگر اس کو نہیں ہٹایا گیا، ان کو مارکیٹ تک نہیں پہنچایا گیا تو یہ سارا جنگل پھر کاٹنا پڑے گا اور یہ جو کروڑوں کی تعداد میں ہیں، کروڑوں سے اوپر، اتنی تعداد میں ادھر ہیں اور یہ اس کا ورکنگ پلان ہوتا ہے سر، ایک سائنٹفک ورکنگ پلان ہوتا ہے، پھر محکمہ اس کے ٹینڈرز کرواتا ہے اور محکمہ خود لا کر مارکیٹ میں یہ فروخت کرتا ہے، پھر Divide کرتا ہے Forty and sixty، جناب سپیکر، Forty گورنمنٹ کو جاتا ہے اور Sixty قوم کے اکاؤنٹ میں جاتا ہے لیکن حکومت ابھی تک اس پر کوئی توجہ بھی نہیں دے رہی، نہ اس کے علم میں ہے اور نہ اس کو پتہ ہے، جب کروڑوں روپے جنگلات سے نکلتے ہیں تو اس سے کتنی آمدنی ہو گی، گورنمنٹ کو کتنی ہو گی، قوم کو کتنی ہو گی؟ تو اس طرح جو ذمہ دار لوگ ہیں، ان کو درخواست کرتا ہوں کہ آئیں خود کریں، نکالیں اسے، جس طریقے سے آپ نکالنا چاہیں، اس کو نکالیں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ کو پوائنٹ آ گیا جی، Concerned Minister to response ji۔

